## Department of Education & Training

M.ED - II Semester Examination, May - 2015

**Paper I : Sociological Foundations of Education**

**پہلا پرچہ : تعلیم کی سماجیاتی بنیادیں**

**Total Marks : 70** **Time : 3 hours**

### Part - A

**I- ذیل میں سے کوئی سات سوالوں کے جوابات لکھیے۔ ہر سوال کے چھ (6) نشانات مقرر ہیں۔** **7 X 6 = 42**

1- تعلیمی سماجیات کی ماہیت اور وسعت بیان کیجیے۔

2- سماجی تجزیہ کے اہم طریقے کون سے ہیں؟

3- تعلیمی سماجیات میں System's Theory سے آپ کیا مفہوم مراد لیتے ہیں؟

4- ہندوستانی سماج میں ذات پات اور مذہب کو کیوں اہمیت دی جاتی ہے؟

5- سماجی طبقہ بندی (Social Stratification) کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

6- ثقافتی فاصلہ (Cultural Lag) اور ثقافتی تنازعہ (Cultural Conflict) پر نوٹ لکھیے۔

7- تعلیم کو جمہوری بنانے کا کیا مطلب ہوتا ہے؟ مثالوں سے واضح کیجیے۔

8- تعلیم میں معیار اور کمیت سے آپ کیا مفہوم مراد لیتے ہیں؟

9 تعلیم کو کیوں روزگار سے جوڑنا چاہیے۔

10- انسانی حقوق کی تعلیم کا کیا مطلب ہوتا ہے؟

### Part - B

**II- درج ذیل دو سوالوں کے جوابات لکھیے۔ ہر سوال کے چودہ (14) نمبرات مقرر ہیں۔** **14 x 2 = 28**

11- (الف) ہندوستانی سماج میں غربت اور بے روزگاری پائے جانے کے کیا اسباب ہیں؟ تعلیم کے ذریعہ ان مسائل کو کس طرح حل کیا جاسکتا ہے؟

**یا**

(ب) نامساوات (Inequality) سے کیا مراد ہے؟ سماج میں نامساوات پائے جانے کے مختلف اسباب کو بیان کیجیے۔

12- (الف) ہندوستان میں سماجی ساخت کا معیشت (Economics) اور تعلیم (Education) کے حوالے سے جائزہ لیجیے۔

**یا**

(ب) درج ذیل پر نوٹ لکھیے۔

(i) سماجی تبدیلی اور جدیدیت

(ii) نظریہ فعالیت (Functionalism)

☆☆☆